**15.04.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ کا تین روزہ خصوصی اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے، جس میں ناری شکتی وَندن ادھینیم میں کی جانی والی کلیدی آئینی ترمیمات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

☆ مغربی بنگال اور تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کیلئے ریلیوں اور روڈ شوز کا سلسلہ جاری ہے۔

☆ بہار کے پہلے BJP وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری نے پٹنہ میں حلف لیا۔

☆ گزشتہ سہ ماہی کے دوران بھارت کی برآمدات میں چار اعشاریہ دو-دو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 860 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئیں۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے۔ وہیں تہران نے دھمکی دی ہے کہ اگر ناکہ بندی جاری رہتی ہے تو خلیج اور بحرِ احمر کے ذریعے ہونے والی تجارت کو روک دیا جائے گا۔

☆ دسویں جماعت کے CBSE بورڈ امتحانات میں تقریباً 94 فیصد طلباء کامیاب ہوئے ہیں۔ لڑکیوں کی کارکردگی ایک بار پھر لڑکوں سے بہتر رہی۔

☆ اور...... IPL کرکٹ میں میزبان رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ، لکھنؤ سُپر جائنٹس سے جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Parliament Session**

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا تین روزہ خصوصی توسیعی اجلاس، کل سے شروع ہو رہا ہے، جو 18 اپریل تک جاری رہے گا۔ اجلاس کے دوران ناری شکتی وَندن ادھینیم میں آئینی ترمیمات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ حکومت، تین ترمیمی بل متعارف کرائے گی، جو ناری شکتی وَندن ادھینیم بل پر عمل آوری کی راہ ہموار کریں گے۔

ناری شکتی وَندن ادھینیم بل کو سال 2023 میں منظور کیا گیا تھا۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس کا مقصد آئین میں ترمیم کرنا ہے تاکہ حلقوں کی حد بندی کے عمل کے بعد سال 2029 کے لوک سبھا انتخابات میں خواتین ریزرویشن قانون کو نافذ کیا جاسکے۔ وزیر اعظم

نریندر مودی نے کچھ دن پہلے لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں ایوان کے رہنماؤں کو خط لکھ کر ترمیمات کو منظور کرنے کے سلسلے میں اتفاقِ رائے قائم کرنے کی اپیل کی تھی۔ جناب مودی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ سال 2029 کے لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کا انعقاد، خواتین ریزرویشن پر عمل کرتے ہوئے کیا جائے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے بھی یقین دلایا کہ خواتین ریزرویشن بل متوازن ہے اور اِس میں ہر ریاست، برادری اور خطے کی خواہشات کا خیال رکھا گیا ہے۔

BJP، جنتا دل یونائیٹیڈ، لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس اور کانگریس سمیت متعدد سیاسی جماعتوں نے دونوں ایوانوں کے اپنے اراکینِ پارلیمنٹ کو تین سطری وہپ جاری کی ہے اور اُنھیں اجلاس کے دوران ایوان میں موجود رہنے اور پارٹی مؤقف کی حمایت کرنے کی ہدایت دی ہے۔

نئی دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد شہزاد

اس دوران کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں حزب اختلاف کے رہنما ملکارجن کھڑگے نے آج کہا کہ اپوزیشن جماعتیں، خواتین ریزرویشن بل کے حق میں ہیں، تاہم انہوں نے بل لائے جانے کے طریقۂ کار سے متعلق تحفظات کا اظہار کیا۔

نئی دلّی میں I.N.D.I.A. اتحاد کی میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے دعویٰ کیا کہ خواتین ریزرویشن بل کے پیچھے سیاسی مقاصد کارفرما ہیں۔ x

## WB - TN Campaigning

تمل ناڈو اور مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم انتہائی زور و شور سے جاری ہے۔ مختلف پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کی غرض سے پے در پے ریلیاں اور روڈ شو کررہے ہیں۔ تمل ناڈو میں واحد مرحلے میں ہونے والی پولنگ اور مغربی بنگال میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ اِس مہینے کی 23 تاریخ کو ہوگی۔ سینئر BJP لیڈر اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے NDA امیدواروں کی حمایت میں آج شام تمل ناڈو کے Nagercoil میں ایک بڑا روڈ شو کیا۔ اِس سے قبل انہوں نے Vadachery کے مقام پر MGR کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ اُن کا خیرمقدم کرنے کیلئے سڑکوں پر ہزارہا لوگ جمع تھے۔ جناب مودی نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا کہ Nagercoil میں ہونے والا روڈ شو انتہائی جوش و خروش سے بھرا ہوا تھا۔

انہوں نے DMK پر غلط حکمرانی اور بدعنوانی کا الزام لگایا۔ BJP کے لیڈر K. Annamalai نے Singanallur میں ایک عوامی جلسہ کیا۔ انہوں نے DMK اور کانگریس پر عوام کی بہبود کے خلاف مل کر کام کرنے کا الزام لگایا۔

اِسی دوران DMK کے لیڈر اور وزیرِ اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے دھرما پوری میں عوامی جلسہ کیا، جبکہ نائب وزیرِ اعلیٰ Udhayanidhi اسٹالن نے Vasudevanallur میں چناوَ میٹنگیں کیں۔

مغربی بنگال میں BJP لیڈر امت شاہ نے دارجلنگ میں ورچوئل طور پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا اور جلپائی گڑی اور کوچ بہار اضلاع میں تین عوامی ریلیوں میں شرکت کی۔

انہوں نے کہا کہ دارجلنگ ہلز میں گورکھا معاملے کو آئینی لائحہ عمل کے مطابق حل کیا جائے گا اور پولیس فورسز

میں ایک Narayani بٹالین تشکیل دی جائے گی۔ امت شاہ نے حکمراں ترنمول کانگریس پر چائے باغان کے کارکنان کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ انہیں زمین کے حقوق فراہم کئے جائیں گے۔ ترنمول کانگریس کی سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی نے اتر دیناج پور ضلعے میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔

BJP کے الزامات کا جواب دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال سرکار نے بند ہوئے چائے کے باغان کے کارکنوں کی بہبود کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں جلد ہی زمین کے حقوق فراہم کئے جائیں گے۔x

## Bihar New CM Oath

بھارتیہ جنتا پارٹی کے سینئر لیڈر سمراٹ چودھری نے بہار کے نئے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لے لیا ہے۔ پٹنہ لوک بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں گورنر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ سید عطا حسنین نے، اُنہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔

جناب چودھری ریاست کے 24ویں وزیراعلیٰ بنے ہیں۔ وہ ریاست کے اعلیٰ عہدے پر فائز ہونے والے BJP کے پہلے لیڈر بھی ہیں۔ اِس موقع پر جنتادَل یونائیٹڈ کے سینئر لیڈر وجے کمار چودھری اور بجیندر پرساد یادو نے بھی نائب وزرائے اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بہار کے وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لینے کیلئے سمراٹ چودھری کو نیک خواہشات بھیجی ہیں۔ انہوں نے وجے کمار چودھری اور بجیندر پرساد یادو کو بہار کے نائب وزرائے اعلیٰ کے طور پر حلف لینے پر مبارکباد بھی دی۔

بہار میں، نئی سرکار کی تشکیل کے بعد وزراء کو قلمدان سونپ دیئے گئے ہیں۔ کابینہ سکریٹریٹ کے محکمے کے ذریعے جاری نوٹفکیشن کے مطابق وزیرِ اعلیٰ سمراٹ چودھری کو 29 محکموں کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، جن میں عام انتظامیہ، امورِ داخلہ، وِجیلنس اور کابینہ سکریٹریٹ کے قلمدان شامل ہیں۔x

## Export Import Data

گزشتہ مالی سال 2025-26 کے دوران ساز و سامان اور خدمات کو ملاکر بھارت کی مجموعی برآمدات میں چار اعشاریہ دو دو فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور یہ 860 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئی ہیں۔ اس دوران درآمدات میں تقریباً ساڑھے 6 فیصد کا تیز رفتار اضافہ ہوا ہے اور یہ 979 ارب امریکی ڈالر کے آس پاس رہی۔ اِس کی وجہ سے مالی سال 2025 کے دوران گزشتہ سہ ماہی کے دوران مجموعی تجارتی خسارہ 94 اعشاریہ چھ-چھ ارب ڈالر سے بڑھ کر 119 اعشاریہ تین ارب ڈالر ہوگیا۔ کامرس کی وزارت کی جانب سے جاری کردہ عارضی اعداد و شمار کے مطابق ساز و سامان کی برآمدات کی مجموعی قدر میں مالی سال 2026 کے دوران صفر اعشاریہ نو-تین فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ تقریباً 441 اعشاریہ 8 ارب امریکی ڈالر رہی۔

اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران ساز و سامان کی برآمدات میں اضافے کے بڑے محرکات دالیں، الیکٹرانک اشیاء، گوشت، ڈیری اور پولٹری مصنوعات، Coffee اور سمندری چیزیں ہیں۔

اس دوران خدمات کی برآمدات کا شعبہ لگاتار مضبوط بنا ہوا ہے اور یہ 2024-25 کے دوران 338

ارب امریکی ڈالر سے بڑھ کر 418 اعشاریہ تین-ایک ارب امریکی ڈالر ہوگیا ہے۔ x

## West Asia Airstrikes

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے والی ہے کیونکہ ایران کے حکام نے ایک امن معاہدے سے اتفاق کرلیا ہے۔ نشر کئے گئے ایک انٹرویو میں جناب ٹرمپ نے زور دے کر کہا کہ اگر وہ ابھی ایران کو اُس کے حال پر چھوڑ دیں تو اُسے ملک کی تعمیر نو کیلئے 20 سال لگ جائیں گے۔ جناب ٹرمپ کا یہ بیان، امریکی سینٹرل کمان کے یہ کہنے کے کچھ گھنٹوں بعد سامنے آیا ہے کہ ایران کی بندرگاہوں کی گھیرابندی، اُس کے آغاز کے 36 گھنٹے کے اندر اندر نافذ العمل ہوگئی ہے۔

دوسری جانب ایران کی فوج کی سینٹرل کمان کے سربراہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایرانی بندرگاہوں پر امریکی بحریہ کی گھیرابندی جاری رہتی ہے تو ایران کی فوج، بحیرۂ احمر کے ساتھ ساتھ خلیج اور بحیرۂ عمان کے راستے تجارت کو روک دے گی۔

انہوں نے مزید کہا کہ ایران اپنے قومی خود مختاری اور اپنے مفادات کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے فیصلہ کن کارروائی کرے گا۔x

## CBSE 10th Results

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے تعلیمی سال 2025-26 کے دسویں جماعت کے بورڈ امتحانات کے نتیجوں کا اعلان کر دیا ہے۔ CBSE نے کہا ہے کہ طلباء کی کامیابی کا مجموعی تناسب تقریباً 94 فیصد رہا۔ لڑکیوں کی کارکردگی ایک بار پھر لڑکوں سے بہتر رہی اور لڑکیوں کی کامیابیوں کا تناسب تقریباً 95 فیصد رہا۔

اس دوران تقریباً 93 فیصد لڑکوں نے اور تقریباً 88 فیصد تیسری جنس کے طلباء نے کامیابی حاصل کی۔ تریوندرم اور وجے واڑہ ڈویژن میں کامیابی کا تناسب سب سے زیادہ 99.79 فیصد درج کیا گیا۔ چنئی، 99.58 فیصد کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ گواہاٹی ڈویژن نے سب سے کم تقریباً 88 فیصد طلباء کامیاب ہوئے۔x

## Jaishankar AZEC Plus Meeting

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ توانائی سے متعلق عالمی تحفظات کے دوران بھارت، محفوظ اور بلا رکاوٹ بحری آمد و رفت کی یقین دہانی کے تئیں پُرعزم ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ انہوں نے جاپان کی میزبانی والی ایشیا Zero emission کمیونٹی، AZEC پلس میٹنگ میں شرکت کی، جس میں توانائی بازاروں میں سپلائی چین رکاوٹوں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مرچنٹ جہاز رانی پر حملے پوری طرح سے ناقابلِ قبول ہیں۔ جناب جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ عالمی ترقی کیلئے توانائی کے بازاروں کا بندشوں کے بغیر کام کرتے رہنا ضروری ہے۔ جناب جے شنکر نے مزید کہا کہ توانائی کے بڑے صارف کے طور پر بھارت، سپلائی چین کی لچک کو مستحکم کرنے کیلئے ہم خیال شراکت داروں کے ساتھ کام کرے گا۔ x

## EC Voter Information Slips

انتخابی کمیشن نے تمل ناڈو اسمبلی انتخابات اور مغربی بنگال کے پہلے مرحلے کے انتخابات کیلئے رائے دہندگان کی معلومات سے متعلق پرچیوں یعنی VIS کی تقسیم شروع کر دی ہے، جہاں 23 اپریل کو انتخابات ہونے ہیں۔

ایک بیان میں انتخابی ادارے نے کہا کہ VIS میں رائے دہندگان کی تفصیلات شامل ہوتی ہیں، جیسے پولنگ اسٹیشن کا مقام، انتخابات کا ڈیٹا اور وقت اور پولنگ اسٹیشن کے نقشے کا خاکہ۔

اس کے علاوہ کیا کریں اور کیا نہ کریں، کی فہرست بھی شامل ہوتی ہے تاکہ انتخابات کے دن رائے دہندگان کو رہنمائی فراہم کی جا سکے۔ اس میں QR کوڈ بھی ہوتا ہے جو رائے دہندگان کو تفصیلات کی تلاش اور تصدیق میں مدد کرتا ہے۔

VIS پولنگ اسٹیشنوں پر بھیڑ کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے اور تیز رفتار ووٹنگ میں مدد فراہم کرتی ہے۔×

## Unemployment Data March

ملک میں 15 سال یہ اس سے زیادہ کے عمر کے افراد کیلئے بے روزگاری کی شرح یعنی UR مارچ میں معمولی اضافے کے ساتھ 5 اعشاریہ 1 فیصد ہوگئی ہے، جب کہ اس سال فروری میں یہ شرح 4 اعشاریہ 9 فیصد تھی۔

شماریات اور پروگرام کے نفاذ کے وزارت نے بتایا کہ ماہانہ افرادی قوت اور بے روزگاری کی شرح کے مطابق گزشتہ ماہ دیہی علاقوں میں بے روزگاری کی شرح 4 اعشاریہ 3 فیصد اور شہری علاقوں میں یہ شرح بڑھ کر 6 اعشاریہ 8 فیصد ہوگئی ہے، جب کہ فروری میں یہ شرح 6 اعشاریہ 6 فیصد تھی۔×

## JAISHANKAR French Senate

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج دلی میں فرانسیسی سینیٹ دوستانہ گروپ سے ملاقات کی، جس کی قیادت سینیٹر Mireille Jouve کر رہیں ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بات چیت کے دوران دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ باقاعدہ پارلیمانی تبادلے، بھارت-فرانس خصوصی عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید تقویت پہنچائیں گے۔×

## NCW-TCS BPO

قومی کمیشن برائے خواتین (NCW) نے مہاراشٹر کے ناسک میں ٹاٹا کنسلٹینسی سروس BPO یونٹ میں خواتین کی مبینہ ہراسانی کے واقعات سے متعلق میڈیا رپورٹس کا از خود نوٹس لیا ہے۔ NCW نے ایک بیان میں کہا کہ اِن واقعات کی تحقیقات کے لئے اُس نے ایک فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ پینل جمعہ کو جائے وقوع کا دورہ کرے گا اور کام کے دس دنوں کے اندر کمیشن کو اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔×

## Puri US Ambassador

بھارت اور امریکہ نے آج باہمی توانائی تعاون پر تبادلۂ خیال کیا اور جامع توانائی کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر غور کیا۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے، یہ بات بھارت میں امریکہ کے سفیر Sergio Gor کے ساتھ اپنی میٹنگ کے بارے میں سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر کہی۔x

## Birla French Delegation

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بھارت اور فرانس کے درمیان، گہرے اور پائیدار تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے، فرانس کو بھارت کے انتہائی بھروسے مند اور دوستانہ شراکت داروں میں سے ایک قرار دیا ہے۔ جناب برلا

نے یہ بات دورے پر آئے ہوئے، فرانس کی سینیٹ کے، فرانس-بھارت بین پارلیمانی دوستی کے گروپ سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جو ان سے ملنے کیلئے آج پارلیمنٹ پہنچا تھا۔ اسپیکر نے کہا کہ باہمی تعلقات کو، خصوصی عالمی جامع شراکت داری کا درجہ دینا، دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد اور تعاون کی بڑھتی ہوئی گہرائی کی عکاسی کرتا ہے۔x

**Mandaviya - Wada President**

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں عالمی اینٹی ڈوپنگ ایجنسی WADA کے صدر Witold Banka کے ساتھ بارآور میٹنگ کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر مانڈویا نے WADA کے ساتھ تعاون کو مستحکم کرنے اور کھیل کود میں ڈوپنگ کے خلاف عالمی جدوجہد میں بامقصد تعاون دینے کے بھارت کے عہد کو اجاگر کیا۔x

**VP Governance**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ حکمرانی کا اصل مقصد لوگوں کو بااختیار بنانا اور اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کوئی پیچھے نہ رہ جائے۔ نئی دلّی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کے 72ویں یومِ تاسیس سے خطاب کرتے ہوئے نیز اچھی حکمرانی کیلئے AI سے متعلق ڈاکٹر راجندر پرساد سالانہ میموریل لیکچر دیتے ہوئے، جناب رادھا کرشنن نے اِس بات پر زور دیا کہ معاشرے کا کوئی بھی طبقہ اور ملک کا کوئی بھی خطہ ترقی سے محروم نہیں رہنا چاہئے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت ایک طاقتور تکنیکی طریقِ کار ہے اور اِس میں ایک وِکست بھارت تعمیر کرنے کی صلاحیت ہے، جو سب کی شمولیت والا، مؤثر اور مستقبل کیلئے تیار ہو۔

نائب صدرجمہوریہ نے کہا کہ وِکست بھارت میں مصنوعی ذہانت، پالیسی اور لوگوں کے درمیان ایک پُل کا کام کرے گی اور عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری آئے گی۔x

**Goverment West Asia Brief**

حکومت نے مغربی ایشیا بحران کے دوران روکاوٹوں کے باوجود ملک میں LPG کی 100 فیصد گھریلو فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے آج یہ بات نئی دلی میں بین وزارتی بریفنگ کے دوران بتائی۔ انھوں نے کہا کہ ملک بھر میں LPG کی گھریلوں فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے اور کسی طرح کی قلت کی کوئی رپورٹ نہیں ملی ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ LPG سلینڈروں کی کالا بازاری کو روکنے کیلئے 2 ہزار 100 چھاپے ماری کی کارووائی انجام دی گئی ہے۔

**Cricket IPL**

IPL کرکٹ میں ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں آج کھیلے جا رہے میچ میں لکھنؤ سُپر جائنٹس نے میزبان رائل چیلنجرس بینگلورو کے سامنے جیت کیلئے 147 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے قبل رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆